# تعریفاتِ کافیہ

(مکمل، بالترتیب اور مع اُمثلہ)

مصنّفِ کافیہ: جمال الدین ابوعَمر وعثمان المالکی النحوی رحمۃ اللہ علیہ (سالِ وفات: 646ھ)

مترجم: عبید مصطفٰی محمد مستنصر اسماعیل عطاری (جامعۃ المدینۃ فیضانِ ابنِ مسعود، گلشن اقبال، کراچی)

**الکلمۃ:** لَفظٌ وُضِعَ لِمَعْنًی مُفْرَدٍ

ایسا لفظ جو مفرد معنی کیلئے وضع کیا گیا ہو۔

**الکلام:** مَا تَضَمَّنَ کَلِمَتَیْنِ بِالْإِسْنَادِ

وہ لفظ جو دو کلمون کو اسناد کے سبب شامل ہو۔

مثال: زَیْدٌ قَائِمٌ، قَامَ زَیْدٌ

**الإسم:** مَادَلَّ عَلٰی مَعْنًی فِی نَفْسِہٖ غَیْرُ مُقْتَرَنٍ بِاَحَدِ الْاَزْمِنَۃِ الثَّلَاثَۃِ

وہ کلمہ جو بذاتِ خود اپنے معنی پر دلالت کرے اور اس کا معنی تین زمانوں میں سے کسی زمانے سے ملا ہوا نہ ہو۔

مثال: رَجُلٌ، اَلْقَلَمُ وغیرھما

**المعرب:** اَلْمُرَکَّبُ الَّذِیْ لَمْ یُشْبِہْ مَبْنِیَّ الْاَصْلِ

ہر وہ اسم جو اپنے عامل سے مرکب ہو اور مبنی الاصل سے مشابہت نہ رکھتا ہو

(ماضی، امر حاضر معروف اور تمام حروف مبنی الاصل ہیں)۔

مثال: قَامَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ

**الإعراب:** مَا اخْتَلَافَ آخِرُہٗ بِہٖ لِیَدُلَّ عَلَی الْمَعَانِی الْمُعْتَوِرَۃِ عَلَیْہِ

وہ حرف یا حرکت جس کے سبب معرب کا آخر بدلتا ہے تاکہ پے در پے معنی پر دلالت کرے۔

**العامل:** مَابِہٖ یَتَقَوَّمُ الْمَعْنَی الْمُقْتَضِیُ لِلْإِعْرَابِ

وہ شے جس کے سبب معرب میں اعراب کے مقتضی معنی حاصل ہو۔

**غیرالمنصرف:** مَافِیۡہِ عِلَّتَانِ مِنۡ تِسۡعٍ اَوۡ وَاحِدَۃٌ مِنۡہَا تَقُوۡمُ مَقَامَھُمَا

وہ اسم معرب جس میں نو اسباب منع صرف میں سے دو یا ایک ایسا سبب پایا جائے جو دو کے قائم مقام ہو۔

**العدل:** خُرُوۡجُہٗ عَنۡ صِیۡغَتِہِ الۡاَصۡلِیَّۃِ تَحۡقِیۡقًا اَوۡ تَقۡدِیۡرًا

اسم کا اپنے صیغہ اصلیہ سے تحقیقا یا تقدیرا نکلنا۔

مثال: ثُلَاثُ، مَثۡلَثُ، اُخَرُ، عَامِر سے عُمَرُ

**الوصف:** کَوۡنُ الۡاِسۡمِ دَالًّا عَلٰی مُبۡھَمَۃٍ مَاۡخُوۡذَۃٍ مَعَ بَعۡضِ الصِّفَاتِ

ہر وہ اسم جو مبہم ذات پر دلالت کرے جس میں بعض صفات بھی ملحوظ ہو۔

مثال: اَسۡوَدُ، اَحۡمَرُ

**العجمہ:** وَھِیَ کَوۡنُ اللَّفۡظِ مِمَّا وَضَعَہٗ غَیۡرُ الۡعَرَبِ

وہ لفظ جسے عربوں کے علاوہ کسے اور نے وضع کیا ہو۔

مثال: مَاہٗ، جَوۡرُ

**المرفوعات:** ھُوَ مَا اشۡتَمَلَ عَلٰی عَلَمِ الۡفَاعِلِیَّۃِ

ہر وہ اسم جو فاعلیت کی علامت پر مشتمل ہو۔

نوٹ> صاحبِ کافیہ علامہ ابن حاجب رَحۡمَۃُ اللہِ عَلَیۡہِ کے نزدیک مرفوعات کی تعداد سات ہے۔

**الفاعل:** وَھُوَ مَا اُسۡنِدَ اِلَیۡہِ الۡفِعۡلُ اَوۡ شِبۡھُہٗ وَقُدِّمَ عَلَیۡہِ عَلٰی جِھَۃِ قِیَامِہٖ بِہٖ

ہر وہ اسم جس سے پہلا ایسا فعل یا صفت ہو جس کی نسبت اس اسم کی طرف کی گئی ہو کہ وہ اس کے ساتھ قائم ہے اس طرح نہیں کہ وہ اس پر قائم ہے۔

مثال: قَامَ زَیۡدٌ، زَیۡدٌ قَائِمٌ اَبُوۡہُ

**تَنَازُعُ الۡفِعۡلَیۡنِ:** اِذَا تَنَازَعَ الۡفِعۡلَانِ ظَاھِرًا بَعۡدَھُمَا

دو یا دو سے زائد فعل یا شبہ فعل کا اپنے مابعد واقع ایسے اسم ظاہر میں عمل کرنا جو ان میں سے ہر ایک کا معمول بن سکتا ہو۔

مثال: ضَرَبَنِیۡ وَاَکۡرَمَنِیۡ زَیۡدٌ

**مَفۡعُوۡلُ مَالَمۡ یُسَمَّ فَاعِلُہٗ:** کُلُّ مَفۡعُوۡلٍ حُذِفَ فَاعِلُہٗ وَاُقِیۡمَ ھُوَ مَقَامَہٗ

ہر وہ مفعول جس کے فاعل کو حذف کر کے مفعول کو فاعل کے قائم مقام کر دیا جائے۔

مثال: ضُرِبَ زَیۡدٌ

**المُبتدأ:** ھُوَ الِاسۡمُ الۡمُجَرَّدُ عَنِ الۡعَامِلِ اللَّفۡظِیَّۃِ مُسۡنَدًا اِلَیۡہِ

ہو وہ اسم جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو۔

مثال: زَیۡدٌ قَائِمٌ میں زَیۡدٌ

**اَلۡقِسۡمُ الثَّانِیۡ مِنَ الۡمُبۡتَدَأ:** الصِّفَۃُ الۡوَاقِعَۃُ بَعۡدَ حَرۡفِ النَّفۡیِ اَوۡ اَلِفِ الۡاِسۡتِفۡھَامِ رَافِعَۃً لِظَّاھِرٍ

ہر وہ صیغہ صفت جو حرفِ نفی یا استفہام کے بعد آئے اور کسی اسم ظاہر کو رفع دے رہا ہو۔

مثال: اَقَائِمٌ الزَّیۡدَان

**الخَبر:** ھُوَ الۡمُجَرَّدُ الۡمُسۡنَدُ بِہٖ اَلۡمُغَایِرُ لِلصِّفَۃِ الۡمَذۡکُوۡرَۃِ

ہو وہ اسم جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو اور مسند ہو، مبتدا کی قسم ثانی کے مغیرہ (مخالف) ہو۔

مثال: زَیۡدٌ قَائِمٌ میں قَائِمٌ

**المنصوبات:** ھُوَ مَا اشۡتَمَلَ عَلٰی عَلَمِ الۡمُفۡعُوۡلِیَّۃِ

ہر وہ اسم جو مفعولیت کی علامت (نصب) پر مشتمل ہو۔

**المفعول المطلق:** ھُوَ اِسۡمُ مَافَعَلَہٗ فَاعِلُ فِعۡلٍ مَذۡکُوۡرٍ بِمَعۡنَاہٗ

وہ مصدر جسے مذکور فعل کے فاعل نے کیا ہو اور وہ فعل اس کے ہم معنی ہو۔

مثال: ضَرَبۡتُ ضَرۡبًا

**المفعول بہ:** ھُوَ مَا وَقَعَ عَلَیۡہِ فِعۡلُ الۡفَاعِلِ

وہ اسم جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔

مثال: ضَرَبۡتُ زَیۡدًا

**المنادی:** ھُوَ الْمَطْلُوْبُ اِقْبَالُہٗ بِحَرْفٍ نَائِبٍ مَنَابَ "اُدْعُوْ" لَفْظًا اَوْ تَقْدِیْرًا

وہ اسم جسے اُدْعُوْ فعل کے قائم مقام کسی حرف کے ذریعے متوجہ کیا جائے وہ اسم چاہے مذکور ہو یا محذوف۔

مثال: یَا زَیْدُ، یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ ھٰذَا؟

**ترخیم المنادی:** ھُوَ حَذْفٌ فِیْ آخِرِہٖ تَخْفِیْفًا

منادی کے آخر سے کسی لفظ کو تخفیفا حذف کرنا۔

مثال: یَا حَارِثُ سے یَا حَارُ،

**مندوب:** ھُوَ الْمُتَفَجَّعُ عَلَیْہِ "یاء" اَوْ "وا"

وہ اسم جس پر واوَ یا یاء کے ذریعے اظہارِ رنج کیا جائے۔

مثال: اَ زَیْدَاہُ، وَا زَیْدَاہُ

**الإِضْمَارُ علی شَرِیْطَۃِ التَّفْسِیْرِ (اِشتغال):** ھُوَ کُلُّ اِسْمٍ بَعْدَہٗ فِعْلٌ اَوْ شِبْھُہٗ مُشْتَغِلٌ عَنْہُ بِضَمِیْرِہٖ اَوْ مُتَعَلِّقِہٖ لَوْ سُلِّطَ عَلَیْہِ ھُوَ اَوْ مُنَاسِبُہٗ لَنَصَبَہٗ

ہر وہ اسم جس کے بعد کوئی ایسا فعل یا شبہ فعل ہو جو اس اسم کی ضمیر یا اس کے متعلق میں عمل کرنے کے سبب اس اسم پر عمل کرنے سے اس طرح اعراض کرے کہ اگر اس فعل یا مناسبِ فعل کو اس اسم پر مقدم کر دیا جائے تو وہ اسے نصب دے۔

مثال: زَیْدًا اضْرِبْہُ، زَیْدًا امْرُرْتُ بِہٖ

**تحذیر:** ھُوَ مَعْمُوْلٌ بِتَقْدِیْرِ "اِتَّقِ" تَحْذِیْرًا مِمَّا بَعْدَہٗ اَوْ ذُکِرَ الْمُحَذَّرُ مِنْہُ مُکَرَّرًا

اِتَّقِ وغیرہ فعل مقدر کا ایسا مفعول بہ جس کو مابعد سے ڈرانے کیلئے ذکر کیا جائے یا محذر منہ کو مکرّر (Repeated) ذکر کیا جائے۔

مثال: اِیَّاکَ وَالْاَسَدَ

**المفعول فیہ:** ھُوَ مَا فُعِلَ فِیْہِ فِعْلٌ مَذْکُوْرٌ مِنْ زَمَانٍ اَوْ مَکَانٍ

وہ اسمِ زمان یا مکان جس میں فاعل کا فعل واقع ہو۔

مثال: صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَۃِ

**المفعول له:** ھُوَمَا فُعِلَ لِأَجْلِہٖ فِعْلٌ مَذْکُوْرٌ

وہ اسم جس کی وجہ سے فعل مذکور واقع ہو۔

مثال: ضَرَبْتُہٗ تَأْدِیْبًا

**المفعول معہ:** ھُوَمَذْکُوْرٌ بَعْدَالْوَاوِلِمُصَاحَبَۃِ مَعْمُوْلِ فِعْلٍ لَفْظًا أَوْمَعْنًی

وہ اسم جو واؤ بمعنی مع کے ساتھ آئے فعل لفظی ہو یا معنوی۔

مثال: جَائَنِیْ زَیْدٌ وَعَمْرٌو، اِسْتَوَی الْمَاءُ وَالْخَشَبَۃُ، مَا لَکَ وَ زَیْدًا

**الحال:** مَا یُبَیِّنُ ھَیْئَۃَ الْفَاعِلِ أَوِالْمَفْعُوْلِ بِہٖ لَفْظًا أَوْمَعْنًی

وہ لفظ جو فاعل یا مفعول یا دونوں کی حالت کرے چاہے فاعل و مفعول لفظی ہو یا معنوی۔

مثال: ضَرَبْتُ زَیْدًا قَائِمًا، زَیْدٌ فِی الدَّارِ قَائِمًا

**التمیز:** مَا یَرْفَعُ الْاِبْھَامَ الْمُسْتَقِرَّ عَنْ ذَاتٍ مَذْکُوْرَۃٍ أَوْمُقَدَّرَۃٍ

وہ اسم جو ذات مذکورہ یا ذات مقدرہ میں راسخ ابہام کو دور کرے۔

مثال: عِشْرُوْنَ دِرْھَمًا، طَابَ زَیْدٌ نَفْسًا

**المستثنیٰ:** لَفْظٌ یُذْکَرُ بَعْدَ اِلَّا وَأَخَوَاتِھَا لِیُعْلَمَ أَنَّہٗ لَا یُنْسَبُ اِلَیْہِ مَا نُسِبَ اِلٰی مَا قَبْلَھَا

وہ لفظ جسے اِلَّا یا دیگر حروف استثناء کے بعد ذکر کیا جائے تا کہ معلوم ہو جائے کہ اسکی طرف وہ حکم منسوب نہیں جو کے ماقبل شی کی طرف منسوب ہے۔

مثال: جَائَنِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا

**المستثنیٰ متّصل:** اَلْمُخْرَجُ عَنْ مُتَعَدِّدٍ لَفْظًا أَوْتَقْدِیْرًا بَعْدَ اِلَّا وَأَخَوَاتِھَا

جس اِلَّا یا دیگر حروف استثناء کے بعد متعدد سے خارج کیا گیا ہو (وہ مستثنیٰ منہ میں داخل ہو)۔

مثال: مثال: جَائَنِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا

**المستثنیٰ منقطع:** اَلْمَذْکُوْرُ بَعْدَھَا غَیْرَ مُخْرَجٍ بَعْدَ اِلَّا وَأَخَوَاتِھَا

جس اِلَّا یا دیگر حروف استثناء کے بعد متعدد سے نہ نکالا گیا ہو (کیونکہ وہ مستثنیٰ منہ میں داخل ہی نہیں ہوتا ہے)۔

مثال: مثال: جَائَنِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا

**المجرورات:** هُوَ مَا اشْتَمَلَ علی عَلَمِ الْمُضَافِ إِلَيْهِ

وہ اسم جو مضاف الیہ کی علامت (جر) پر مشتمل ہو۔

**المضاف إليه:** كُلُّ اِسْمٍ نُسِبَ إِلَيْهِ شَيْءٌ بِوَاسِطَةِ حَرْفِ الْجَرِّ لَفْظًا أَوْ تَقْدِيْرًا

ہر وہ اسم جس کی طرف کسی شیء کی نسبت ایسے حرف جر کے واسطے سے کی گئی ہو جو صرف لفظی عمل کر رہا ہو چاہے وہ حرف لفظوں میں ہو یا تقدیری طور پر ہو۔

مثال: غُلَامُ زَيْدٍ، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ

**الإضافة المعنوية:** أَنْ يَكُوْنَ الْمُضَافُ غَيْرَ صِفَةٍ مُضَافَةٍ إِلی مَعْمُوْلِهَا

وہ اضافت جس میں مضاف ایسا صیغہ صفت ہو جو اپنے معمول کی طرف مضاف نہ ہو۔

مثال: غُلَامُ زَيْدٍ، خَاتَمُ فِضَّةٍ، ضَرْبُ الْيَوْمِ

**الإضافة اللفظية:** أَنْ يَكُوْنَ الْمُضَافُ صِفَةً مُضَافَةً إِلی مَعْمُوْلِهَا

وہ اضافت جس میں مضاف ایسا صیغہ صفت ہو جو اپنے معمول کی طرف مضاف ہو۔

مثال: ضَارِبُ زَيْدٍ، حَسَنُ الْوَجْهِ

ششماہی ثانی

**توابع:** كُلُّ ثَانٍ بِإِعْرَابِ سَابِقِهِ مِنْ جِهَةٍ وَاحِدَةٍ

ہر وہ دوسرا جو ایک ہی جہت میں اپنے سابق کے اعراب پر ہو۔

(مِنْ جِهَةٍ وَاحِدَةٍ سے مراد وجہ اعراب ایک ہو)

**نعت:** تَابِعٌ يَدُلُّ علی مَعْنًی فِی مَتْبُوْعِهٖ مُطْلَقًا

ایسا تابع جو اپنے متبوع یا اس کے متعلق میں موجود معنی پر دلالت کرے۔

مثال: مثال: جَائَنِیْ رَجُلٌ عَالِمٌ، مَرَرْتُ بِرَجُلٍ حَسَنٍ غُلَامُهٗ

**عطف:** تَابِعٌ مَقْصُوْدٌ بِالنِّسْبَةِ مَعَ مَتْبُوْعِهٖ

ایسا تابع جو اپنے متبوع کے ساتھ نسبت میں مقصود ہو۔

مثال: قَامَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو

**تأکید:** تَابِعٌ یُقَرِّرُ اَمْرَ الْمَتْبُوْعِ فِی النِّسْبَۃِ اَوِالشُّمُوْلِ

ایسا تابع جونسبت یاشمولِ حکم میں متبوع کے حکم کو پختہ کرے۔

تأکید کی دوقسمیں ہیں

**تأکیدلفظی:** تَکْرِیْرُ اللَّفْظِ الاَوَّلِ

وہ تأکید جوالفاظ کے تکرار سے حاصل ہو۔جَاءَنِیْ زَیْدٌ زَیْدٌ

**تأکیدمعنوی:** یَحْصُلُ بِاَلْفَاظٍ مَحْصُوْرَۃٍ

وہ تأکید جوچندمخصوص الفاظ سے حاصل ہو۔

مثال:جَاءَ الْقَوْمُ کُلُّھُمْ

**بدل:** تَابِعٌ مَقْصُوْدٌ بِمَا نُسِبَ اِلٰی مَتْبُوْعِہٖ دُوْنَہٗ

ایسا تابع جو(متبوع کی طرف)نسبت میں مقصودومطلوب ہونہ کہ متبوع۔

بدل کی چارقسمیں ہیں

**بدل کل:** مَدْلُوْلُہٗ مَدْلُوْلُ الاَوَّلِ

ایسابدل جس کامدلول متبوع کے مدلول کاکل ہو۔

مثال:جَاءَنِیْ زَیْدٌ اَخُوْکَ

**بدل بعض:** مَدْلُوْلُہٗ جُزْءُ مَدْلُوْلِ الْمُبْدَلِ مِنْہٗ

ایسابدل جس کامدلول متبوع کے مدلول کاجزءہو۔

مثال:ضَرَبْتُ زَیْدًا رَاْسَہٗ

**بدل اشتمال:** بَیْنَہٗ وَبَیْنَ الاَوَّلِ مُلاَبَسَۃٌ بِغَیْرِھِمَا

ایسابدل جس کامتبوع کے ساتھ غیرکلیۃ وجزئیۃ میں تعلق ہو۔

مثال:نَفَعَنِی الاُسْتَاذُ عِلْمُہٗ

**بدل غلط:** أَنْ تَقْصِدَ إِلَيْهِ بَعْدَ أَنْ غَلِطتَ بِغَيْرِهِ

ایسا بدل جو غلطی کے ازالے کیلئے لایا گیا ہو۔

مثال: رَأَیْتُ زَیْدًا بَکْرًا

**عطف بیان:** تَابِعٌ غَیْرُ صِفَۃٍ یُوضِحُ مَتْبُوعَہٗ

ایسا تابع جو صفت کا صیغہ نہ ہو اور اپنے متبوع کی وضاحت کرے۔

مثال: أَقْسَمَ أَبُوحَفْصٍ عُمَرُ

**المبنی:** مَانَاسَبَ مَبْنِیَّ الْأَصْلِ أَوْ وَقَعَ غَیْرَ مُرَکَّبٍ

وہ اسم جو مبنی الاصل کے مشابہ (مناسب) ہو یا غیر مرکب واقع ہو۔

مبنی کے اعراب ضمہ، فتحہ، کسرہ اور وقف ہیں۔

مثال: ضمیر، اسم اشارہ، اسم موصول، اسم کنایہ وغیرھم

**ضمیر:** مَاوُضِعَ لِمُتَکَلِّمٍ أَوْ مُخَاطَبٍ أَوْ غَائِبٍ تَقَدَّمَ ذِکْرُہٗ لَفْظًا أَوْ مَعْنًی أَوْ حُکْمًا

ایسا اسم جو متکلم، مخاطب یا ایسے غائب کیلئے وضع کیا گیا ہو جس کا ذکر لفظا، معنی یا حکما گزر چکا ہو۔

مثال: أنا، أنت، ھو

**ضمیر متصل:** غَیْرُ الْمُسْتَقِلِّ بِنَفْسِہٖ

وہ ضمیر جو مستقل بنفسہ نہ ہو یعنی الگ نہ آسکے۔

مثال: ضَرَبْتُ

**ضمیر منفصل:** اَلْمُسْتَقِلُّ بِنَفْسِہٖ

وہ ضمیر جو مستقل بنفسہ ہو یعنی جو الگ آسکے۔

مثال: ھو، أنت

**ضمیر فصل:** یَتَوَسَّطُ بَیْنَ الْمُبْتَدَإِ وَالْخَبَرِ قَبْلَ الْعَوَامِلِ وَبَعْدَھَا صِیْغَۃٌ مَرْفُوعٍ مُنْفَصِلٍ مُطَابِقٍ لِلْمُبْتَدَإِ وَیُسَمَّی فَصْلاً

جب خبر معرفہ ہو تو مبتدا اور خبر کے درمیان ایک ضمیر منفصل لائی جاتی ہے جو مبتدا کے مطابق ہوتی ہے۔ اس ضمیر فصل کہتے ہیں۔ مثال: زَیْدٌ ھُوَ الْقَائِمُ

**ضمیر شأن:** يَتَقَدَّمُ قَبْلَ الْجُمْلَةِ ضَمِيرٌ غَائِبٌ يُسَمَّى ضَمِيرَ الشَّأْنِ (إِذَا كَانَ مُذَكَّرًا) وَيُسَمَّى ضَمِيرَ الْقِصَّةِ (إِذَا كَانَ مُؤَنَّثًا)

بسا اوقات جملے سے پہلے ضمیر غائب کو لایا جاتا ہے یہ ضمیر اگر مذکر ہو تو ضمیر شأن اور اگر مؤنث ہو تو ضمیر قصہ کہلاتی ہے۔

مثال قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ (الحج:۴٦)

**اسم إشارة:** مَا وُضِعَ لِمُشَارٍ إِلَيْهِ

وہ اسم جسے مشار الیہ کیلئے وضع کیا گیا ہو۔

مثال: هٰذَا الْقَلَمُ

**اسم موصول:** مَا لَا يَتِمُّ جُزْءٍ إِلَّا بِصِلَةٍ وَعَائِدٍ

وہ اسم جو صلے اور عائد سے ملکر جزء تامہ بنے۔

مثال: جَاءَ الَّذِي أَبُوْهُ قَائِمٌ

**أسمائُ فعال:** مَا كَانَ بِمَعْنَى الْأَمْرِ أَوِ الْمَاضِي

وہ اسماء جو امر یا ماضی کے معنی میں ہو۔

مثال: رُوَيْدَ زَيْدًا یعنی أَمْهِلْهُ

**أسمائُ صوات:** كُلُّ لَفْظٍ حُكِيَ بِهِ صَوْتٌ أَوْ صُوِّتَ بِهِ الْبَهَائِمُ

ہر وہ لفظ جس کے ذریعے کسی آواز کی نقل کی جائے یا جسکے ذریعے جانوروں کو بلایا جائے۔

مثال: غَاقِ، نَخّ

**مرکبات:** كُلُّ اِسْمٍ رُكِّبَ مِنْ كَلِمَتَيْنِ لَيْسَ بَيْنَهُمَا نِسْبَةٌ

ہر وہ اسم جو دو کلمات سے مرکب ہو اور دونوں کے درمیان کوئی نسبت نہ ہو۔

مثال: خَمْسَةَ عَشَرَ ، بَعْلَبَكَّ

**معرفہ:** مَا وُضِعَ لِشَيْءٍ بِعَيْنِهٖ

وہ اسم جو کسی معین شیء کیلئے وضع کیا گیا ہو۔

مثال: أنا، هذا، الذی، الکتاب

**العلم:** مَاوُضِعَ لِشَیْءٍ بِعَیْنِهٖ غَیْرَ مُتَنَاوِلٍ غَیْرَہٗ

وہ اسم جوکسی معین شیء کیلئے وضع کیا گیا ہواس حال میں کہ وہ اپنے غیر کو شامل نہ ہو۔

مثال: زَیْدٌ

**نکرہ:** مَاوُضِعَ لِشَیْءٍ لَا بِعَیْنِهٖ

وہ اسم جسے کسی غیر معینہ چیز کیلئے وضع کیا گیا ہو۔

مثال: قَلَمٌ ، کِتَابٌ

**اسماء عدد:** مَاوُضِعَ لِکَمِّیَّۃِ آحَادِ الْأَشْیَاءِ

وہ اسماء جنہیں اشیاء کے افراد کی تعداد (مقدار) بیان کرنے کیلئے

وضع کیا گیا ہو۔

مثال: عِشْرُوْنَ ، تِسْعَۃَ عَشَرَ

**مؤنث:** مَافِیْهِ عَلَامَۃُ التَّأْنِیْثِ لَفْظًا أَوْ تَقْدِیْرًا

وہ اسم جس میں لفظا یا تقدیرا علامت تانیث ہو۔

مثال: فَاطِمَۃُ ، زَیْنَبُ ، دَارٌ ، نَارٌ ، نَعلٌ ، قَدَمٌ ، شَمْسٌ ، عَیْنٌ

**مذکر:** مَالَمْ یَکُنْ فِیْهِ عَلَامَۃُ التَّأْنِیْثِ لَا لَفْظًا أَوْ لَا تَقْدِیْرًا

وہ اسم جس میں علامت تانیث نہ ہو۔

مثال: رَجُلٌ

**المُثَنّٰی:** مَالَحِقَ أٰخِرَہٗ أَلِفٌ أَوْ یَاءٌ مَفْتُوْحٌ مَا قَبْلَهَا وَنُوْنٌ مَکْسُوْرَۃٌ

وہ اسم جس کے آخر میں الف یا یاء ساکن ماقبل مفتوح ہو اور آخر میں نون مکسور ہو۔

مثال: رَجُلَانِ ، رَجُلَیْنِ

**مجموع:** مَا دَلَّ عَلٰی آحَادٍ مَقْصُوْدَۃٍ بِحُرُوْفِ مُفْرَدِہٖ بِتَغَیُّرٍ مَّا

وہ اسم جو مفرد کے حروف میں تھوڑی تبدیلی کرنے سے کثیر افراد پر دلالت کرے۔ رَجُلٌ سے رِجَالٌ

**جمع مؤنّث سالم:** مَا لَحِقَ اُخِرَہٗ اَلِفٌ وَتَاءٌ

وہ جمع جسکے آخر میں الف اور تاء لاحق (متصل) ہو۔

مثال: کُرَّ اسَاتٌ ،مُسْلِمَاتٌ

**جمع تکسیر:** مَا تَغَیَّرَ بِنَاءُ وَاحِدِہٖ

وہ جمع جس کی واحد کی شکل تبدیل ہو جائے۔

مثال،فَرَسٌ سے اَفْرَاسٌ

**مصدر:** اِسْمٌ لِلْحَدَثِ الْجَارِیْ عَلَی الْفِعْلِ

مصدر ایسے معنی حدوثی کا نام ہے جو فعل پر جاری ہوتا ہے۔

مثال: اَلضَّرْبُ ،اَلْاِسْتِخْرَاجُ

**اسم فاعل:** مَا اشْتُقَّ مِنْ فِعْلٍ لِمَنْ قَامَ بِہٖ بِمَعْنَی الْحُدُوْثِ

وہ اسم جو فعل سے مشتق ہو اس ذات پر دلالت کرنے کیلیئے جس کے ساتھ فعل قائم ہو۔

مثال: ضَارِبٌ ،مُدْخِلٌ

**اسم مفعول:** مَا اشْتُقَّ مِنْ فِعْلٍ لِمَنْ وَقَعَ عَلَیْہِ

وہ اسم جو فعل سے مشتق ہو اس ذات پر دلالت کرنے کیلیئے جس پر فعل قائم ہو۔

مثال: مَضْرُوْبٌ ،مُدْخَلٌ

**صفتِ مشبّھۃ:** مَا اشْتُقَّ مِنْ فِعْلٍ لَازِمٍ لِمَنْ قَامَ بِہٖ عَلٰی مَعْنَی الثُّبُوْتِ

وہ اسم جو فعل لازم سے مشتق ہو اس ذات پر دلالت کرنے کیلیئے جس کے ساتھ فعل معنی حدوثی پر قائم ہو۔

مثال: حَسَنٌ ،صَعْبٌ ،کَرِیْمٌ

**اسم تفضیل:** مَا اشْتُقَّ مِنْ فِعْلٍ لِمَوْصُوْفٍ بِزِیَادَۃٍ عَلٰی غَیْرِہٖ

وہ اسم جو فعل سے مشتق ہو اس ذات پر دلالت کرنے کیلیئے جو اپنے غیر پر زیادتی کے ساتھ متصف ہو۔

مثال: زَیْدٌ اَفْضَلُ النَّاسِ

**فعل:** مَا دَلَّ علٰی مَعْنًی فِی نَفْسِہٖ مُقْتَرِنٍ بِأَحَدِ الأَزْمِنَۃِ الثَّلَاثَۃِ

ایسا کلمہ ہے جو تین زمانوں میں سے کسی ایک زمانیکے ساتھ ملکر بذات خود اپنے معنی پر دلالت کرے۔

مثال: ضَرَبَ، یَنْصُرُ

**ماضی:** مَا دَلَّ علٰی زَمَانٍ قَبْلَ زَمَانِکَ

وہ فعل جو تمہارے زمانے سے پہلے والے زمانے پر دلالت کرے۔

مثال: نَصَرَ

**مضارع:** مَا أَشْبَہَ الإِسْمَ بِأَحَدِ حُرُوفِ "نَأَیْتُ"

وہ فعل جو اسم فاعل کے مشابہ ہو اس حال میں کہ حروف "نأیت" (أتین) میں سے کوئی حرف ساتھ ملا ہوا ہو۔

مثال: یَضْرِبُ

**اَمر:** صِیْغَۃٌ یُطْلَبُ بِھَا الْفِعْلُ مِنَ الْفَاعِلِ الْمُخَاطَبِ

وہ صیغہ جس کے ذریعے مخاطَب سے کوئی کام طلب کیا جائے۔

مثال: اِضْرِبْ، اِعْلَمْ

**فِعْلُ مَا لَمْ یُسَمَّ فَاعِلُہٗ (فعل مجہول):** ھُوَ مَا حُذِفَ فَاعِلُہٗ

وہ فعل جس کے فاعل کو حذف کر دیا گیا ہو۔

مثال: ضُرِبَ زَیْدٌ

**فعل متعدی:** مَا یَتَوَقَّفُ فَھْمُہٗ عَلٰی مُتَعَلِّقٍ

جس کا سمجھنا کسی متعلق (یعنی مفعول بہ) پر موقوف ہو۔

مثال: ضَرَبَ، أَعْطٰی

**فعل غیر متعدی:** مَا لَا یَتَوَقَّفُ فَھْمُہٗ عَلٰی مُتَعَلِّقٍ

جس کا سمجھنا کسی متعلق (یعنی مفعول بہ) پر موقوف نہ ہو۔

مثال: قَعَدَ

**اَفعال قلوب:** تَدخُلُ علی الجُملَۃِ الاِسمِیَّۃِ لِبیَانِ مَا ھیَ عَنہُ

وہ افعال جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں اس شک ویقین کو بیان کرنے کیلئے جس کیلئے وہ ہے۔

مثال: عَلِمتُ زَیدًا عَالِمًا

**اَفعال ناقصہ:** مَاوُضِعَ لِتَقرِیرِالفَاعِلِ علی صِفَۃٍ

وہ افعال جو فاعل کو کسی خاص صفت پر ثابت کرنے کیلئے وضع کیے گئے ہو۔

مثال: کَانَ زَیدٌ قَائِمًا

**اَفعال مقاربہ:** مَاوُضِعَ لِدُنُوِّ الخَبَرِ رِجَاءً اَوْ حُصُوْلًا اَوْ اَخْذًا فِیہِ

وہ افعال جو خبر کے قریب ہونے کو بیان کرنے کیلئے وضع ہو از روئے رِجاء (امید) یا حصول یا خبر میں شروع ہونے کے۔

مثال: عَسَی زَیدٌ اَنْ یَقُوْمَ

**اَفعال تعجب:** مَاوُضِعَ لِاِنْشَاءِ التَّعَجُّبِ

وہ افعال جنہیں اظہار تعجب کیلئے وضع کیا گیا ہو۔

مثال: مَا اَحْسَنَ زَیدًا، واَحْسِنْ بِزَیدٍ

**اَفعال مدح وذم:** مَاوُضِعَ لِاِنْشَاءِ مَدحٍ اَوْ ذَمٍّ

وہ افعال جنہیں تعریف یا مذمت کو ثابت کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہو۔

مثال: نِعْمَ الرَّجُلُ زَیدٌ، بِئْسَ المَرْاَۃُ ھِندٌ

**حروف:** مَا دَلَّ علی مَعْنًی فِی غَیْرِہٖ

وہ کلمہ جو اپنے غیر میں حاصل معنی پر دلالت کرے۔

**حروف جارہ:** مَاوُضِعَ لِلْاِفْضَاءِ بِفِعْلٍ اَوْ مَعْنَاہُ اِلی مَایَلِیہِ

وہ حروف جو فعل، شبہ فعل یا معنی فعل کو اپنے مدخول تک پہنچانے کیلئے وضع کئے گئے ہوں۔

مثال: نَظَرْتُ اِلی زَیدٍ، مَرَرْتُ علی السَّطْحِ